http://www.howtoexam.com

Urdu paper - I
(Ancillary)
April-07

Con.38-07. PK-330

(3 Hours) [Total Marks : 100

ہدایات : (۱) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور نقل کیجیے ۔
(۲) تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں ۔

۱. افسانہ کیا ہے؟ مفصل معلومات قلم بند کیجیے ۔

یا

افسانے کے ارتقا پر اظہارِ خیال کیجیے ۔

۲. طنز و مزاح کی تعریف بیان کرتے ہوئے ادب میں اس کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالیے ۔

یا

اردو ادب میں طنز و مزاح کی روایت پر اپنی رائے پیش کیجیے ۔

۳. اردو ادب میں بحیثیت افسانہ نگار پریم چند کا مرتبہ متعین کیجیے ۔

یا

ذیل کے کسی ایک افسانے کا تنقیدی جائزہ لیجیے ۔

(۱) بدنصیب ماں
(۲) نئی بیوی
(۳) سوانگ

۴. اردو مزاح نگاروں میں پطرس بخاری کا مقام متعین کیجیے ۔

یا

درج ذیل سے کسی ایک مضمون کا خلاصہ لکھیے ۔

(۱) ہاسٹل میں پڑھنا
(۲) کُتّے
(۳) سینما کا عشق

۵. سیاق و سباق کے حوالے سے کسی دو عبارت کی وضاحت کیجیے ۔

(۱) "ایک بار ہمارا خدمت گار چلا گیا اور کئی دن دوسرا خدمت گار نہ ملا ۔ میں کسی ہوشیار اور سلیقہ مند نوکر کی تلاش میں تھی مگر

[TURN OVER

Click to download similar question papers from www.howtoexam.com just for free

http://www.howtoexam.com

بابو صاحب کو جلد سے جلد کوئی آدمی رکھ لینے کی فکر سوار ہوئی ۔ گھر کے سارے کام بدستور چل رہے تھے ۔ مگر آپ کو معلوم ہو رہا تھا کہ گاڑی رکی ہوئی ہے ۔"

(۲) " اس کے ایک ہی مہینے بعد کاروبار کے سلسلے میں غیر ممالک جانا پڑا اور وہاں میرے اندازے سے کہیں زیادہ دو سال لگ گئے ۔ گویا کے خطوط برابر جاتے رہتے تھے جن سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ آرام سے ہے ۔ کوئی فکر کی بات نہیں ہے مجھے بعد میں معلوم ہوا کہ گویا نے مجھے غیر سمجھا اور صحیح حالت چھپاتی رہی ۔"

(۳) " میں دل میں خفیف اتنا کبھی نہ ہوا تھا ۔ جنھیں میں جاہل، کور باطن، بے خبر سمجھتا تھا اسی طبقے کی ایک معمولی عورت میں یہ خود داری، یہ فرض شناسی ، یہ توکّل ! اپنے ضعف کے احساس سے میرا دل جیسے پامال ہوگیا ۔ اگر تعلیم فی الاصل تہذیبِ نفس ہے اور محض اعلا ڈگریاں نہیں ، تو یہ عورت تعلیم کی معراج پر پہنچی ہوئی ہے ۔"

۵ (ب) سیاق و سباق کے حوالے سے کسی دو عبارت کی وضاحت کیجیے ۔

(۱) " تین چار دن کے بعد مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوا ، مجھے شخصیت نہیں سیرت کہنا چاہیے ۔ شخصیت ایک بے رنگ سا لفظ ہے، سیرت کے لفظ سے نیکی ٹپکتی ہے ۔ چنانچہ میں نے سیرت کو اپنا تکیہ کلام بنالیا ۔ لیکن یہ بھی مفید ثابت نہ ہوا ۔" والد کہنے لگے کیا سیرت سے تمھارا مطلب چال چلن ہے یا کچھ اور ؟

(۲) " یہ تو ہم جانتے ہے کہ سویرے اٹھنا ہو تو جلد ہی سونا چاہیے ۔ کھانا باہر ہی سے کھا آئے تھے بستر میں داخل ہو گئے ، چلتے چلتے خیال آیا کی لالہ سے جگانے کے لیے کہہ ہی نہ دیں ؟ یوں ہماری قوت ارادی کافی زبردست ہے ، جب چاہیں اٹھ سکتے ہیں ۔ لیکن پھر بھی کیا حرج ہے ؟ ڈرتے ڈرتے آواز دی لالہ جی ۔"

(۳) " آواز خلاف توقع بہت ہی باریک اور منحنی سی نکلی ، ایک

Click to download similar question papers from www.howtoexam.com just for free

http://www.howtoexam.com

دو شخص ہنس دیئے ، میں نے گلا صاف کیا تو کچھ لوگ اور ہنس
پڑے ، میں نے جی سخت کر کے زور سے بولنا شروع کیا۔
پھیپھڑوں پر یک لخت جو یوں زور ڈالا تو آواز بہت ہی بلند
نکل آئی ۔ اس پر بہت سے لوگ کھل کھلا کر ہنس پڑے ”۔

HowToExam.com

Click to download similar question papers from www.howtoexam.com just for free